# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کا سالانہ عمومی اجلاس (اے جی ایم) بروز پیر، 28 اکتوبر 2024ء صبح 11:30 بجے بمقام سیفائر ہال، رمادا کریک، ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی، پاکستان، اور ساتھ ساتھ الیکٹرانک ذرائع / ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوگی جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیرِ غور لائے جائیں گے:

**عمومی معاملات:**

1. گزشتہ اے جی ایم منعقدہ 23 اکتوبر 2023ء کے منٹس کی تصدیق
2. کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں برائے سال مختتمہ 30 جون 2024ء بشمول ان کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ وصول کرنا، زیرِ غور لانا اور اختیار کرنا، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223 کے تحت کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال مختتمہ 30 جون 2024ء کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے اور اسے مندرجہ ذیل لنک / QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

3. حتمی نقد ڈیویڈنڈ برائے سال مختتمہ 30 جون 2024ء کا اعلان اور اس کی منظوری، جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 10 روپے والے عام شیئر کا 25 فیصد، یعنی 2.5 روپے فی عام شیئر ہے۔
4. سال مختتمہ 30 جون 2025ء کے لیے کمپنی کے خارجی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کا معاوضہ طے کرنا؛ اس ضمن میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر M/s اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام تجویز کیا ہے۔

**خصوصی معاملات:**

5. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 32(1)(c) کے تحت REIT مینجمنٹ سروسز اور پرائیویٹ فنڈ مینجمنٹ سروسز کا کاروبار شا کرنے کے لیے کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کے آبجیکٹ کلاز (III) میں تبدیلیوں کو منظور کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کو اسپیشل ریزولیوشن (خصوصی قرارداد) کے طور پر زیرِ غور لانا اور اگر درست سمجھا جائے تو ترامیم کے ساتھ یا بغیر منظور کرنا:

MCB FUNDS
Investments for Life

’’قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ نان-بینکنگ فائنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگیولیشن) رُولز 2003ء (رُولز) کے رُول 5(6)(h) کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کی پیشگی منظوری سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کے آبجیکٹ کلاز (III) میں شق 3 میں شق 3A اور 3B کے اضافے کے بعد (جیسا کہ ’اسٹیٹمنٹ آف میٹیریئل فیکٹس‘ میں ظاہر ہو رہا ہے)، REIT مینجمنٹ سروسز کے کاروبار کو ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگیولیشنز 2022ء کے تحت، اور پرائیویٹ فنڈ مینجمنٹ سروسز کو پرائیویٹ فنڈز ریگیولیشنز 2015ء کے تحت، بذریعہ ہٰذا منظور اور اختیار کیا جاتا ہے۔

مزید براں، قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ارکان سے منظور شدہ خصوصی قرارداد کے طور پر مذکورہ بالا تبدیلیوں کے علاوہ، کمیشن کی طرف سے مشورے یا ہدایت پر اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کے متفق ہونے کے بعد، میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں کوئی بھی تبدیلی، اس خصوصی قرارداد کی منظوری کی تاریخ سے، ارکان کی منظوری کی ضرورت کے بغیر اُن کی طرف سے منظور شدہ اور اختیار کردہ تصوّر کی جائے گی، اور بمطابق مؤثر ہوگی۔

مزید براں، قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ بذریعہ ہٰذا کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور/یا کمپنی سیکریٹری اور/یا چیف فائنانشل آفیسر مشترکہ یا متفرقہ طور پر مندرجہ بالا قرارداد کو مؤثر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اور منسلکہ ضروری دستاویزات تیار کرنے، ان کو حتمی شکل دینے، نافذ کرنے اور فائل کرنے، اعمال، اقدام یا افعال کرنے، اور کارپوریٹ اور قانونی تعمیلات اور رسمی کارروائیاں مکمل کرنے کے مجاز ہیں۔‘‘

کوئی دیگر معاملہ:

6. چیئر کی اجازت سے کوئی دیگر معاملہ زیرِ بحث لانا

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت ایجنڈا آئٹم نمبر 5 میں مذکورہ کسی خصوصی معاملے کے ضمن میں اسٹیٹمنٹ ارکان کو موصول کردہ اطلاع کے ساتھ ملحق ہے۔

بحکم بورڈ

الطاف احمد فیصل
کمپنی سیکریٹری

07 اکتوبر 2024ء
کراچی

MCB FUNDS
Investments for Life

ضروری اطلاعات:

1. شرکت بذریعہ ذاتی یا بذریعہ ویڈیو لنک سہولت

کمپنی خواہاں ہے کہ اے جی ایم میں ارکان کے درمیان ظاہری رابطے ممکنہ حد تک کم ہوں، لیکن ساتھ ساتھ لازمی حاضری کی کم از کم حد کی تعمیل بھی کی جائے۔ چنانچہ ارکان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اے جی ایم میں اپنی حاضری اور ووٹنگ کو یقینی بنائیں خواہ بذریعہ پراکسیز کے۔

جو ارکان اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک سہولت شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنا نام، فولیو نمبر/ شریک کا ID نمبر، موبائل نمبر، اور قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر، بمع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی دونوں سمتوں کی درست نقل agm@mcbfunds.com پر ای میل کریں جس کا subject ہو: Registration for MCBFUNDS AGM۔

ویڈیو لنک اور اس کے ذریعے اجلاس میں شامل ہونے (log in) کی تفصیلات اُن ارکان کو روانہ کردی جائیں گی جن کی ای میل بشمول تمام مطلوبہ کوائف اے جی ایم کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹوں قبل موصول ہو جائیں گی۔

ارکان اے جی ایم کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق آراء یا سوالات بھی agm@mcbfunds.com پر ای میل کرسکتے ہیں۔

| رُکن کا نام | سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر | فولیو/ سی ڈی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈرس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Log in کی سہولت اجلاس کے وقت سے تیس منٹ قبل میسّر کی جائے گی۔ شرکاء شناخت اور تصدیق کی تمام رسمی کارروائیوں سے گزرنے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے اجلاس میں شامل ہوسکیں گے۔ ارکان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ اپنی حاضری اور شرکت کو یقینی بنائیں خواہ بذریعہ پراکسیز کے۔

2. بُک بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کے حصص کی منتقلی کی بُکس بروز منگل، 22 اکتوبر 2024ء، تا بروز پیر، 28 اکتوبر 2024ء (بشمول دونوں مذکورہ دِن) بند رہیں گی۔ جو منتقلیاں بروز پیر، 21 اکتوبر 2024ء اوقاتِ کار (شام 5:00 بجے) تک ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر، سی ڈی سی ہاؤز، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، main شاہراہِ فیصل، کراچی 74400، کو موصول ہو جائیں گی ان کو حصص یافتگان کے اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا استحقاق متعین کرنے کے لیے بروقت مانا جائے گا۔

3. پراکسی کی تقرری اوراے جی ایم میں شرکت

جو رُکن اے جی ایم میں شرکت اور ووٹ کرنے کا حقدار ہے وہ پراکسی مقرر کرنے کا بھی حقدار ہے جو اُس کی جگہ شرکت، بات اور ووٹ کر سکتا ہے۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا رُکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو رائے شماری کا مطالبہ کرنے اور مطالبے میں شامل ہونے اور رائے شماری میں ووٹ کرنے کا حق حاصل ہے۔

پراکسی کی تقرری والی دستاویز، بمع پاور آف اٹارنی یا دیگر اختیار جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا پاور آف اتھارٹی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ نقل، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹوں قبل جمع کرائی جائے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمع دستخط کا نمونہ (سوائے اس کے کہ پہلے فراہم کردیئے گئے ہوں) بمع پراکسی فارم کمپنی میں جمع کرائے جائیں۔ پراکسی فارم انگریزی اور اُردو زبان میں منسلک ہیں۔

کاغذی حصص اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس جمع کرائے گئے حصص کے مستفیدی مالکان اور / یا ان کے پراکسی، اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائیں۔

ارکان کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی طرف سے جاری کردہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگیولیشنز 2018ء (ریگیولیشنز)، جس میں بذریعہ نوٹیفکیشن مؤرخہ 05 دسمبر 2022ء ترمیم کی گئی، کی تعمیل میں ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ تمام ارکان کو خصوصی معاملات کے زمرے میں آنے والے تمام معاملات میں الیکٹرانک ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے ووٹ کرنے کی سہولت فراہم کریں۔

چنانچہ کمپنی کے ارکان اے جی ایم میں خصوصی معاملات کے لیے اپنا ووٹ کرنے کا حق بذریعہ الیکٹرانک ووٹنگ سہولت یا ڈاک استعمال کر سکیں گے۔ یہ اے جی ایم بروز پیر، 28 اکتوبر 2024ء صبح 11:30 بجے بمقام سیفائر ہال، رماداکریک، ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی، پاکستان، منعقد ہوگی اور اس میں مذکورہ بالا ریگیولیشنز میں شامل شرائط اور ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔

ارکان کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس اطلاع کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbfunds.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

ارکان سے گزارش ہے کہ اپنے جن کوائف میں تبدیلی درکار ہو وہ کرالیں، جن میں نام، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس، رابطہ نمبر شامل ہیں۔ اس کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں: M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤز، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، main شاہراہِ فیصل، کراچی - 74400۔

### 4. ای-ووٹنگ کا طریقِ کار

(a) کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں 21 اکتوبر 2024ءکو اوقاتِ کار کے اختتام تک جن ارکان کا درست سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈرس دستیاب ہو جائے گا اُن کو ای-ووٹنگ سہولت کی تفصیلات فراہم کر دی جائیں گی۔

(b) ویب ایڈرس اور لاگ اِن کی تفصیلات ارکان کو بذریعہ ای میل فراہم کی جائیں گی، جبکہ سیکیورٹی کوڈ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای-ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے بذریعہ ایس ایم ایس فراہم کیے جائیں گے۔

(c) ای-ووٹنگ سہولت استعمال کرنے والے ارکان کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا بوقت لاگ اِن تصدیقی عمل کے ذریعے کی جائے گی۔

(d) ای-ووٹنگ کی لائنز 25 اکتوبر 2024ءکو صبح 9.00 بجے کھولی جائیں گی اور 27 اکتوبر 2024ءکو شام 5:00 بجے بند کی جائیں گی۔ ارکان اس مدّت کے دوران کبھی بھی ووٹ کر سکتے ہیں۔ کسی قرارداد پر ایک مرتبہ ووٹ ڈال دینے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### 5. پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریق کار

ارکان اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمع کمپیورائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو اجلاس (28 اکتوبر 2024ء) سے ایک دن پہلے تک اوقاتِ کار کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ پتے: آدم جی ہاؤس، دوسری منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، یا chairman@mcbfunds.com پر بذریعہ ای میل موصول ہو جائے۔ بیلٹ پیپر والی دستخط اور سی این آئی سی والی دستخط ایک جیسی ہونی چاہئیں۔

ارکان کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbfunds.com پر ڈاؤن لوڈ کے لیے بھی دستیاب ہے۔

### 6. ویڈیو کانفرنس کی سہولت

اگر کُل اداشدہ سرمائے کے دس فیصد کا حامل کوئی رُکن کسی اور شہر میں مقیم ہو اور کمپنی کے سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کا مطالبہ کرے تو کمپنی اس کو یہ سہولت فراہم کرے گی، لیکن اس کے لیے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل تحریری مطالبہ جمع کرانا ہوگا۔

**رضامندی برائے ویڈیو کانفرنس سہولت**

میں/ہم، ______________، ایم سی بی اِنویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کے رُکن، عمومی شیئر/حصص کا/کی/کے حامل بمطابق رجسٹر فولیو/سی ڈی سی پارٹسپنٹ شناخت اور ذیلی اکاؤنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ______________، سالانہ عمومی اجلاس بروز پیر مؤرخہ 28 اکتوبر 2024ء یا کسی اور اِلتواء کردہ اجلاس میں ______________ (شہر کا نام) بذریعہ ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے شریک ہونا چاہتا/ہوں چاہتی ہوں/چاہتے ہیں۔

______________      ______________

رُکن کے دستخط      تاریخ

### 7. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی درست نقل جمع کرانے کی اطلاع (لازمی)

جن ارکان نے تا حال اپنے درست سی این آئی سی کی تصدیق شدہ نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے گزارش ہے کہ مذکورہ بمع فولیو نمبر جلد از جلد براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرا دیں۔

### 8. ارکان کے رہائشی پتے میں تبدیلی

فزیکل شیئر ہولڈنگ والے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رہائشی پتے میں کسی بھی تبدیلی سے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فوری مطّلع کریں، جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ سی ڈی سی شرکت کنندہ/بروکر/سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں۔

## 9. کاغذی حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72، اور ایس ای سی پی کے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021ء کی تعمیل میں لِسٹڈ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ اپنے جاری کردہ موجودہ کاغذی حصص کو بُک اینٹری شکل میں تبدیل کرائیں۔ کاغذی فولیو/ شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اس ہدایت کی جلد از جلد تعمیل کریں۔

کاغذی حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی سے حصص یافتگان کو کئی اعتبار سے فائدہ ہوگا: حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری خرید و فروخت کے لیے بازار کی دستیابی، خسارے یا ظاہری نقصان کے خطرے کا خاتمہ، آسان اور محفوظ منتقلی جس میں کاغذی حصص کے مقابلے میں رسمی کارروائیاں نسبتاً کم درکار ہیں۔ کاغذی حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی میں معاونت کے لیے کمپنی کے حصص یافتگان کمپنی کے شیئر رجسٹرار (یعنی M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

## 10. نقد ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ذریعے سے ادائیگی (لازمی ضرورت)

کمپنیز ایکٹ 2017ء (ایکٹ) کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ اپنے ارکان کو ڈیویڈنڈ، اگر ہے تو، کی ادائیگی الیکٹرانک ذریعے سے کرے، اور اس کے لیے اُن کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست کریڈٹ کردے۔ جو ارکان اپنے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات فراہم نہ کریں اُن کا ڈیویڈنڈ کمپنی روک لینے کی پابند ہے۔

ارکان اپنا نام، فولیو نمبر، مکمل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این)، اور بینک اکاؤنٹ کا نام کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ حاملین اپنی درخواست براہِ راست اپنے بروکر (پارٹسپنٹ) / سی ڈی سی کے پاس جمع کرائیں۔

جن حصص یافتگان نے تا حال اپنا آئی بی اے این فراہم نہیں کیا ہے اُن سے دوبارہ درخواست کی جاتی ہے کہ "الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" پُر کرکے اس پر دستخط کرکے درست سی این آئی سی کی نقل کے ساتھ اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹسپنٹ / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (بُک اینٹری کی شکل میں حصص یافتگی کی صورت میں) کو، یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL) کو، سی ڈی سی ہاؤز، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، main شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 (کاغذی شکل میں حصص یافتگی کی صورت میں) بھیج دیں۔

ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دستیاب ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

11. انکم ٹیکس آرڈیننس **2001** ء کے سیکشن **150** کے تحت ڈیویڈنڈ کی رقم میں سے وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں میں سے آمدنی ٹیکس کی کٹوتی کی شروح مندرجہ ذیل ہیں:

(الف) جن افراد کا نام ایکٹِو ٹیکس پیئر (متحرّک ٹیکس ادا کنندہ) کی فہرست میں شامل ہے اُن کے لیے 15 فیصد

(ب) جن افراد کا نام ایکٹِو ٹیکس پیئر (متحرّک ٹیکس ادا کنندہ) کی فہرست میں شامل نہیں ہے اُن کے لیے 30 فیصد

جن حصص یافتگان کے نام ایکٹِو ٹیکس پیئر کی فہرست میں شامل ہے جو فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر بروز پیر مؤرخہ 21 اکتوبر 2024ء اوقاتِ کار کے اختتام یعنی شام 5:00 بجے تک ظاہر ہونگے اُن کے نقد ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد ٹیکس کٹوتی ہوگی، بصورتِ دیگر نقد ڈیویڈنڈ پر 30 فیصد ٹیکس کٹوتی ہوگی۔ ایکٹِو ٹیکس پیئر فہرست ایف بی آر کی ویب سائٹ http://fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔

مزید براں، ایف بی آر سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق وِدہولڈنگ ٹیکس کا تعیّن پرنسپل حصص یافتہ کے انفرادی طور پر 'فائلر / نان فائلر' ہونے کی حیثیت کے مطابق، اور مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں مشترکہ حصص یافتگان کی حصص یافتگی کے تناسب کے مطابق کیا جائے گا۔

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ تک 21 اکتوبر 2024ء کو اوقاتِ کار کے اختتام یعنی شام 5:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے، ورنہ سمجھا جائے گا کہ حصص پرنسپل حصص یافتہ اور مشترکہ حاملین کے درمیان مساوی تقسیم ہیں۔

اس ضمن میں وہ تمام حصص یافتگان جو مشترکہ طور پر حصص کے حاملین ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ پرنسپل حصص یافتہ اور مشترکہ حاملین کی حصص یافتگی کے تناسب ہماری شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل انداز میں تحریری طور پر فراہم کریں:

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | حصص کی کُل تعداد | پرنسپل حصص یافتہ | | مشترکہ حاملین | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | |

کارپوریٹ حصص یافتگان جن کے سی ڈی سی اکاؤنٹس ہیں وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی اپنے متعلقہ پارٹسپنٹس کے پاس تصدیق کریں جبکہ کارپوریٹ کاغذی حصص یافتگان اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو بھیجیں۔ حصص یافتگان این ٹی این

یا این ٹی این سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔

کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے سرمایہ کار مندرجہ ذیل فون نمبر / ای میل ایڈرس پر کمپنی یا / اور شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں:

کمپنی: ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ

یو اے این: 11-11-622-24 ای میل: info@mcbfunds.com

شیئر رجسٹرار: سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

فون نمبر: 0800-23275 ای میل: info@cdcsrsl.com

12. غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ

جو حصص یافتگان کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ وصول نہیں کر سکے وہ ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کر کے اپنا غیر دعوی شدہ ڈیویڈند وصول کر سکتے ہیں یا اس کے بارے میں معلومات کر سکتے ہیں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل میں مقررہ طریق کار کی پیروی کر لینے کے بعد ایسے تمام ڈیوڈنڈ جو تاریخِ اجراء سے 3 سال یا اس سے زائد کی مدّت تک غیر وصول شدہ ہوں گے وہ کمپنی کی طرف سے وفاقی حکومت کے پاس جمع کرا دیئے جائیں گے۔

13. ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی

کمپنی کی سالانہ رپورٹ (سالانہ مالیاتی گوشوارے) برائے سال مختتمہ 30 جون 2024ء کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbfunds.com پر دستیاب کر دیئے گئے ہیں۔

14. سالانہ رپورٹ **2024**ء اور اے جی ایم کی اطلاع کی گردش

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (6)223 کے مطابق کمپنی اپنے ارکان کو مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس الیکٹرانک ذریعے سے بھیجنے کی مجاز ہے۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جن حصص یافتگان کے ای میل ایڈرس دستیاب ہیں اُن کو اے جی ایم کی اطلاع بمع QR سے چلنے والا کوڈ / ویب لنک جس سے سالانہ رپورٹ 2024ء تک رسائی حاصل ہو اور وہ ڈاؤن لوڈ کی جائے، ای میل کے ذریعے بھیج دیئے گئے ہیں، اور بقیہ حصص یافتگان جن کے ای میل ایڈرس دستیاب نہیں ہیں اُن کو پرنٹ شدہ نقل اُن کے رجسٹرڈ پتے پر بذریعہ ڈاک روانہ کر دی گئی ہے۔

جو حصص یافتگان سالانہ رپورٹس اور عمومی اجلاسوں کی اطلاع بذریعہ ای-میل حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن سے گزارش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے ای-میل ایڈریس کی تصدیق کر دیں۔

# کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت
# اسپیشل بزنس سے متعلق اہم حقائق کا بیان

ایجنڈا نمبر 5

اس بیان میں اُس اسپیشل بزنس یعنی خصوصی کاروبار سے متعلق اہم حقائق پیش کیے گئے ہیں جو کمپنی کے سالانہ عمومی اجلاس میں زیرِ غور لایا جائے گا، جو بروز پیر مؤرخہ 28 اکتوبر 2024ء بوقت صبح 11:30 بجے بمقام سیفائر ہال، رمادا کریک، ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی، پاکستان میں منعقد ہوگا۔

ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ (کمپنی) ایک غیر بینکاری مالیاتی کمپنی ہے جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ریگولیٹری دائرۂ کار کے تحت اثاثہ جاتی انتظام کی کمپنی، سرمایہ کارانہ مشیر، اور پینشن فنڈ منیجر کے طور پر لائسنس یافتہ ہے۔ کمپنی کا بنیادی کاروبار اجتماعی سرمایہ کارانہ اسکیموں اور رضا کارانہ پینشن اسکیمیں متعارف کرانا اور چلانا، اور سرمایہ کارانہ مشاورتی خدمات فراہم کرنا ہے۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 25 ستمبر 2024ء میں فیصلہ کیا ہے کہ کمپنی کی کاروباری سرگرمیوں کا دائرۂ کار وسیع کر کے REIT مینجمنٹ کمپنی اور پرائیویٹ فنڈ مینجمنٹ کمپنی تک لے جایا جائے، جو بالترتیب ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگیولیشنز 2022ء اور پرائیویٹ فنڈز ریگیولیشنز 2015ء کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کے طرف سے لائسنس کے اجراء سے مشروط ہے۔

چنانچہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن (ایم او اے) کے آبجیکٹ کلاز (III) یعنی کمپنی کے مقصد سے متعلق شق نمبر ۳ میں ترمیم کے لیے خصوصی قرارداد پاس کرنے کی تجویز پیش کی ہے جس کے مطابق شق 3A اور 3B (بمطابق پیش کردہ ذیل) کا اضافہ کیا جائے گا، جو نان-بینکنگ فائنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگیولیشنز) (رُولز) 2003ء کے رُول 5(6)(h) کے تحت کمیشن کی پیشگی منظوری سے مشروط ہے۔

2018ء کے ایس آر او 423 مؤرخہ 03 اپریل 2018ء کی عبارت A(3) اور عبارت (C) کے تحت ڈسکلوژر

1. موجودہ شق کا مجوزہ ترمیم سے تقابل بمع مجوزہ تبدیلی کی وجوہ اور اس کا جواز:

ایم او اے میں مجوزہ ترمیم کا مقصد شق 3 کے بعد آبجیکٹ کلاز III میں شق A3 اور 3B کا اضافہ ہے۔ تقابل کے لیے کوئی موجودہ شقیں نہیں ہیں۔

3A. تمام قابلِ اطلاق قوانین اور قواعد وضوابط، خصوصًا رُولز، سے مشروط اور ان کے مطابق، REIT مینجمنٹ کمپنی کے لیے مجاز کاروبار چلانا، جس کی اجازت REIT انتظامی خدمات فراہم کرنے کے لائسنس میں دی گئی ہے، جو کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے دیا ہے، بشمول رُولز اور ریئل ایسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگیولیشنز 2022ء (جس کو اس دستاویز میں ''REIT ریگیولیشنز'' کہا جائے گا جس کا مطلب اس میں کوئی ترمیم اور/یا متبادل بھی شامل ہوں گی)، اور اس سے متعلق اور منسلک تمام ضروری اقدام اور کام کرنا جو مندرجہ ذیل میں شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں: REIT مینجمنٹ کمپنی کے طور پر لائسنس حاصل کرنا؛ ٹرسٹ ڈیڈز کے تحت REIT اسکیمیں تیار کرنے، متعارف کرانے اور چلانے، اور REIT ریگیولیشنز کے تحت جس بھی طرز اور قسم کی REIT اسکیموں کی اجازت ہے ان کو منظّم کرنا، ان کی تشہیر کرنا، ان کو بنانا، وجود میں لانا، قائم کرنا، ان کی معاونت کرنا، ان کو چلانا اور ان کا انتظام کرنا؛ REIT اسکیموں کے لیے انتظامی کمپنی کی حیثیت اختیار کرنا اور مقامی اور غیر ملکی پرائیویٹ اور پبلک سرمایہ کاروں بشمول اداروں کمپنیز، ایجنسیز، قانونی کارپوریشنز، اینٹٹیز، حکومتی اور نیم حکومتی اداروں اور ٹرسٹوں کو یونٹس کی دستبرداریوں کی پیشکش کرنا، ان کو جاری کرنا، فروخت کرنا، روکے رکھنا، دوبارہ خریدنا اور قبول کرنا؛ REIT اسکیم/اسکیموں کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ساتھ رجسٹر کرانا، جس کا مقصد یونٹ حاملین (سرمایہ کاروں) کو بتائے گئے خطرے کے دائرہ کار تک محدود رہتے ہوئے ان کے لیے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنا ہے؛ ضروری تقرریاں اور بھرتیاں کرنا، اور اہل اور قابل افراد، فرمز، کمپنیوں یا اداروں کو اپنا کوئی یا ایک سے زیادہ کام سونپنا، اور یہ REIT ریگیولیشنز کے تحت مطلوب لازمی منظوریوں سے مشروط ہے؛ REIT اسکیم/اسکیموں کی پاکستان یا پاکستان سے باہر اسٹاک ایکسچینج / ایکسچینجز میں لسٹنگ حاصل کرنا، جو لازمی منظوریوں سے مشروط ہوگی، اور حسبِ ضرورت REIT اسکیم/اسکیموں کی ڈی-لسٹنگ کرنا، اور کوئی بھی ایسا کام کرنا جو سرمایہ کاروں/یونٹ حاملین کے مفاد کے لیے ضروری یا کارآمد ہو، مثلاً REIT اسکیم/اسکیموں کا مرجر، ڈی-مرجر یا تشکیلِ نو وغیرہ، جو لازمی قانونی منظوری سے مشروط ہوگا، اور رُولز، REIT ریگیولیشنز اور دیگر قوانین اور قواعد وضوابط کے تحت تمام قابلِ اطلاق قانونی اور ریگیولیٹری تقاضوں، ذمہ داریوں اور رسمی کارروائیوں کو اپنے ذمے لینا اور پورا کرنا۔

3B. تمام قابلِ اطلاق قوانین اور قواعد وضوابط، خصوصًا رُولز، سے مشروط اور ان کے مطابق، ''پرائیویٹ فنڈ مینجمنٹ کمپنی'' کے لیے مجاز کاروبار چلانا، جس کی اجازت پرائیویٹ ایکوٹی اور وینچر کیپیٹل فنڈ مینجمنٹ خدمات فراہم کرنے کے لائسنس میں دی گئی ہے، جو کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے دیا ہے، بشمول رُولز اور نان-بینکنگ فائنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹٹیز ریگیولیشنز 2008ء (این بی ایف سی ریگیولیشنز) اور پرائیویٹ فنڈز ریگیولیشنز (فنڈز ریگیولیشنز) یا اس کے متبادل، اور تمام متعلقہ اور منسلکہ ضروری اقدام اور کام کرنا، اور رُولز، این بی ایف سی ریگیولیشنز اور فنڈز ریگیولیشنز، اور دیگر قوانین اور قواعد وضوابط کے تحت تمام قابلِ اطلاق قانونی اور ریگیولیٹری تقاضوں، ذمہ داریوں اور رسمی کارروائیوں کو اپنے ذمے لینا اور پورا کرنا۔

2. کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن (ایم او اے) میں تبدیلی کی وجوہ:

فنڈ مینجمنٹ این بی ایف سی ہونے کی حیثیت سے کمپنی میں صلاحیت بھی ہے اور اہلیت بھی کہ وہ REIT مینجمنٹ کمپنی اور پرائیویٹ مینجمنٹ کمپنی کا لائسنس حاصل کرے۔ ایم او اے میں تبدیلی کا مقصد کمپنی کی کاروباری سرگرمیوں کے دائرے کو وسیع کرنا ہے تاکہ موجودہ کے علاوہ مذکورہ کاروبار میں بھی کمپنی کی صلاحیت سے فائدہ اُٹھایا جاسکے۔

3. بورڈ کی طرف سے بیان کہ مجوزہ ترمیمات قابلِ اطلاق قانونی اور ریگیولیٹری دائرہ کار کے مطابق ہیں:

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترمیم / تبدیلی قانون اور ریگیولیٹری دائرۂ کار کی قابلِ اطلاق دفعات کے مطابق ہیں اور کمپنی اور اس کے حاملینِ حصص کے مفاد پر کوئی منفی اثرات مرتب نہیں کریں گی۔

4. موجودہ کاروباری سرگرمیوں پر اثر:

کمپنی کی کاروباری سرگرمیوں میں مذکورہ توسیع کا کمپنی کے موجودہ بنیادی کاروبار، یعنی اجتماعی سرمایہ کاری اسکیمیں اور رضا کارانہ پینشن اسکیمیں متعارف کرانے اور ان کا انتظام چلانے، اور سرمایہ کارانہ مشاورتی خدمات فراہم کرنے، پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

5 مذکورہ ترمیم میں ہر ڈائریکٹر کے مفاد، اگر کوئی ہے، خواہ براہِ راست یا بالواسطہ، کی نوعیت اور حد

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترمیمات سے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا، اُن کی ڈائریکٹرشپ کی حد سے زیادہ، کوئی بھی براہِ راست یا بِالواسطہ مفاد وابستہ نہیں ہے۔

6. دستاویزات کا معائنہ:

موجودہ میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی ایک نقل کے ساتھ مجوزہ ترمیمات کے بعد وجود میں آنے والے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی ایک نقل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں رکھ دی گئی ہے، جس کا معائنہ اِس نوٹس کی اشاعت / اجراء کی تاریخ کے بعد کسی بھی کاروباری دن اوقاتِ کار (صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے) کے دوران کِیا جاسکتا ہے۔